اہل خانہ کے ساتھ ریاضی کی سرگرمیاں تلاش کریں

ذیلی دو سرگرمیاں بلڈنگ بلاکس نصاب سے لے کر بنائی گئی ہیں، عموماً پری کنڈرگارٹن کی تحقیقی کلاس رومز میں کی جاتی ہیں۔ یہ سرگرمیاں تین اور چار سالہ بچوں کے لیے بنائی گئی ہیں اورچند سامان کے ساتھ آسانی سے اہل خانہ یا نگہداشت فراہم کنندگان کے ساتھ گھر پر کی جا سکتی ہیں۔ انہیں مزے کرنے اور لطف اٹھانے اور ساتھ ہی گھریلو ترتیب میں بچوں کے فروغ میں مدد دینے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔

سرگرمی 1: اب کتنے ہیں؟

درکار سامان: ایسی اشیاء جنہیں گِنا جا سکے

کیسے کھیلیں:

- اسے اس وقت کھیلیں جب آپ کا بچہ گِنے جانے والا کھانا کھا رہا ہو یا جب آپ چھوٹی چیزوں کے گروپ کے ساتھ کھیل رہا ہو۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کے بچے کی پلیٹ میں چار نارنگی کی سلائسیں ہیں، اپنے بچے سے کہیں کہ بتائے کُل کتنی سلائسیں ہیں۔ اس کے بعد، ایک اور نارنگی کی سلائس پلیٹ میں رکھیں اور پوچھیں " اب کتنی ہیں؟'
- اپنے بچے سے ایک سلائس کھانے کا کہیں اور پوچھیں " اب کتنی ہیں؟' " آپ کو کیسے معلوم ہوا؟'
- اشیا میں ملا کر یا نکال کر کُل تعداد کا مل کر مشاہدہ کریں۔

یہ کھیل کیوں؟

- یہ کھیل جمع کرنا اور تفریق کرنے کی واضح سمجھ فراہم کرتا ہے، کیونکہ آپ کا بچہ استعمال ہونے والی اشیا کو دیکھ سکتا ہے اور چُھو سکتا ہے۔

سرگرمی 2: کپڑے دھونے میں مددگار

درکار سامان: کپڑے۔

کیسے کھیلیں:

- اپنے بچے کو کپڑوں کو گروہ میں کرنے دیں۔ ایسے سوالات پوچھیں جیسے:
  - "ہم ان کپڑوں کا ڈھیر کیسے لگا سکتے ہیں جن سے ہمیں انہیں رکھنے میں آسانی ہو؟"
  - " کیا ہمارے پاس اور پینٹس یا شرٹس ہیں؟ آپکو کیسے معلوم ہوا؟
  - "کیا ان کپڑوں کو کسی دوسرے انداز میں رکھا جا سکتا ہے؟"

یہ کھیل کیوں؟

- جب بچے چیزوں کو علیحدہ کرتے ہیں، انہیں انکی کی خصوصیات کی نشاندہی کرنا آتا ہے اور پھر ان خصوصیات سے اشیا کو گروپ میں رکھنا آتا ہے۔ اس سے تنقیدی سوچ کو فروغ حاصل ہوتا ہے کیونکہ وہ دریافت کرتے ہیں کہ کونسی اشیا ایک جگہ ہو سکتی ہیں اور کیوں ہو سکتی ہیں۔

All Explore Family Math Activities are adapted from Building Blocks, © Clements & Sarama, 2013, McGraw-Hill Education.